# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

کہانی کے مشکل الفاظ کے فلیش کارڈز اردو اور انگریزی میں تیار کر لیں۔

### فلیش کارڈ لسٹ 1

| english | اردو |
|---|---|
| pomegranate | انار |
| mango | آم |
| grapes | انگور |

### فلیش کارڈ لسٹ 2

| english | اردو |
|---|---|
| tongue | زبان |
| cheek | گال |
| hair | بال |

### فلیش کارڈ لسٹ 3

| english | اردو |
|---|---|
| shirt | قمیض |
| necklace | ہار |
| glasses | چشمے |
| shoes | جوتے |
| pair * | جوڑا |
| socks | موزے |

### فلیش کارڈ لسٹ 4

| english | اردو |
|---|---|
| umbrella | چھتری |
| paper | کاغذ |
| car | گاڑی |
| bottle | بوتل |
| book | کتاب |

### فلیش کارڈ لسٹ 5

| english | اردو |
|---|---|
| flower | پھول |
| rose | گلاب |
| cloud | بادل |
| garden | باغ |
| leaves | پتے |
| grass | گھاس |
| crows | کوے |
| mountain | پہاڑ |
| sun | سورج |
| sky | آسمان |

(*explain that we call a shalwar / qameez جوڑا as it is a pair of clothes)

# سیشن 1

- 10 منٹ • بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے تصویروں پر بات چیت کریں۔
  - چھتری الٹی کیوں ہے؟
  - کھڑکی سے کیا نظر آرہا ہے؟
  - گاڑی میں کون بیٹھا ہے؟
  - انار کیسا ہوتا ہے؟ کس کو پسند ہے؟
  - بوتل کا رنگ لال کیوں ہے؟

  وغیرہ وغیرہ۔
- 10 منٹ • پھر سے کتاب پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو مشکل الفاظ کے مطلب سمجھائیں۔
- 20 منٹ • کہانی میں دیے گئے 7 رنگوں کے نام کے الفاظ کی جوڑ توڑ کروائیں۔ بورڈ پر مندرجہ ذیل مثال لکھ کر بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ نیلی: ن + ی + ل + ی۔
  - بچوں سے کہیں کے کوپیاں نکالیں۔ کتاب میں جن رنگوں کے نام لکھیں ہیں ان کی جوڑ توڑ اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

### ہوم ورک

- 5 منٹ • کتاب میں دیئے 7 رنگوں سے کوئی تصویر بنائیں۔

# سیشن 2

- 10 منٹ • 6 - 5 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔
- 5 منٹ • مشکل الفاظ کے flashcard کی لسٹ 1 پڑھوائیں۔

- 5 منٹ — بچوں کی 7 رنگوں سے بنائی ہوئی تصویریں کلاس میں display کریں۔
- 20 منٹ — کہانی میں دیئے گئے جسم کے حصوں کے flashcard لسٹ 2 پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھ کر جسم کے اور حصوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اپنی تصویر بنا کر جسم کے حصے label کریں۔

### ہوم ورک

- 5 منٹ — رنگوں کے ناموں سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 3

- 10 منٹ — بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - دیئے گئے الفاظ کا املا کرائیں۔
- 10 منٹ — املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- 10 منٹ — بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں دنیا میں کتنے رنگ ہیں۔ بچوں سے ارد گرد کی چیزوں کے بارے میں پوچھیں کہ وہ کون کون سے رنگوں کی ہیں۔ بچے جو نام بتائیں انہیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔

15 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ لال، نیلا، پیلا primary colours ہیں۔ ان کو ملانے سے دوسرے رنگ بنتے ہیں۔
  - بچوں کو بتائیں کہ کون کون سے رنگ ملائیں تو دوسرا رنگ بنتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| لال + نیلا = جامنی | | purple |
| لال + پیلا = نارنجی | | orange |
| نیلا + پیلا = ہرا | | green |

  - بچوں کو بتائیں کہ جو رنگ primary colours کو ملا کر بنتے ہیں انہیں secondary colours کہتے ہیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ rainbow میں کتنے اور کون کون سے رنگ ہوتے ہیں۔ کیا انہیں معلوم ہے کہ rainbow میں 7 رنگ ہوتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ rainbow میں تینوں primary اور تینوں secondary رنگ ہوتے ہیں۔ نیلے کے 2 shades ہوتے ہیں۔ نیلا indigo اور آسمانی blue۔

# سیشن 4

10 منٹ
- 6 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کتاب دیکھ کر ان چیزوں کے نام بتائیں جو ہم پہنتے ہیں۔ (flashcard لسٹ 3)
  - بچوں سے پوچھ کر لسٹ میں اضافہ کریں۔

20 منٹ
- بچے اپنی کوپی میں اپنی تصویر بنائیں اور پہننے والی چیزیں بورڈ سے دیکھ کر اپنی پسند سے بنائیں۔ ان میں رنگ بھریں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- 6 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں اور مدد بھی کریں۔ حوصلہ افزائی کریں۔

30 منٹ
- بچوں سے کتاب میں دی ہوئی جاندار اور بے جان چیزوں کے نام پوچھیں۔ بچے کتاب سے دیکھ کر بتائیں۔ flashcard لسٹ 4 اور لسٹ 5 پڑھوائیں۔
- بچوں کو جاندار اور بے جان چیزوں کا فرق بتائیں اور سمجھائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا پہاڑ جاندار ہوتے ہیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ
- گھر سے ایک جاندار اور ایک بے جان چیز لے کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 6 کے لئے 6-5 سفید چارٹ پیپر 6-5 گوند کی بوتلیں اور کالے مارکر کا انتظام کریں۔

# سیشن 6

45 منٹ
- بچوں کے 6 - 5 گروپ بنا لیں۔ ہر گروپ کو چارٹ پیپر اور گوند کی بوتل دیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ ہر گروپ اپنی لائی ہوئی جاندار اور بے جان چیزیں چارٹ پیپر پر چپکائیں۔ بچوں سے کہیں کہ چارٹ پیپر کے 2 حصے کر لیں۔ ایک حصہ میں جاندار اور دوسرے میں بے جان چیزیں چپکائیں۔ ہر گروپ کے پاس جا کر مارکر سے ان کے چارٹ پر بے جان اور جاندار لکھ دیں۔

# نیلی چھتری لال انار

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk